# urban advantage

سائنسی پیشقدمی

# فیملی گائیڈ

**2021-2022**

آپ کے بچے کے ساتھ نیو یارک سٹی کے چڑیا گھروں،
عجائب گھروں، بوٹینیکل گارڈنز اور ماہی خانے میں سائنس
کو دریافت کرنے کا ایک مفت موقع۔

**urbanadvantagenyc.org**



## Urban Advantage کی محترم فیملی،

مبارک ہو! آپ کے بچے کا اسکول Urban Advantage میں شرکت کر رہا ہے جو ایک مسرت بخش اسکول کی سائنسی پیشقدمی ہے۔ یہ آپ کے بچے کے لیے نیو یارک سٹی کے سائنس سے بھرپور ثقافتی اداروں کا تجربہ کرنے اور اسکول سے باہر سائنسی تجربات میں مشغول ہونے کا ایک حیرت انگیز موقع ہے۔ آپ کے بچے کے ساتھ، پوری فیملی کو سٹی کے عجائب گھروں، چڑیا گھروں، بوٹینیکل گارڈنز اور NY ایکویریم کا لطف اٹھانے کا موقع ملے گا۔ یہ کتابچہ پروگرام کے بارے میں بتاتا ہے اور اس امر کی وضاحت کرتا ہے کہ آپ کی فیملی Urban Advantage کے آٹھ سائنس سے بھر پور ثقافتی اداروں میں سے کسی میں بھی مفت داخلے کا فائدہ کس طرح اٹھا سکتی ہے۔

### Urban Advantage کیا ہے؟

Urban Advantage ایک شہر پیما پروگرام ہے جو سائنس کی تعلیم اور سائنس کی تفتیشات میں تعاون کرتا ہے۔
Urban Advantage اسکولوں، اساتذہ، طلبہ اور فیملیز کو سائنسی دریافت اور آموزش کی مسرت سے مربوط کرتا ہے جو آٹھ معروف سائنس سے بھرپور ثقافتی اداروں میں منعقد ہوا کرتا ہے۔

طلبہ اور فیمليز کو مفت داخلے کی پیشکش کر کے، Urban Advantage سائنس کے اساتذہ کو سائنسی تفتیشات کرنے کے لیے NYC کے سائنس سے بھرپور عجائب گھروں، چڑیا گھروں، بوٹینیکل گارڈنز اور ماہی خانوں کے وسائل استعمال کرنے کے لیے تیار کرتا ہے اور شرکت کنندہ اسکولوں کو کلاس روم میں اور گھر پر طلبہ کے پروجیکٹوں کو جاری رکھنے میں ان کی مدد کے لیے ساز و سامان اور رسد فراہم کرتا ہے۔

### COVID-19 کی عالمگیر وبا کا پتہ لگانا

Urban Advantage اور اس کے پارٹنر ادارے ہمارے شرکاء کی صحت و سلامتی کے تئیں پابند عہد ہیں۔ UA کے ہمارے پارٹنر طلبہ اور فیملی ممبرز کو سائنس پر مبنی فاصلاتی آموزش کے مواقع فروغ دینے کے لیے آپ جیسے اسکولوں کے ساتھ کام کرتے رہے ہیں۔ اسکول اور فیملیز Plant Trivia یا Weather Bingo جیسے تجربات کا لطف اٹھا سکتے ہیں جو تفریح اور سائنسی مواد UA کے سائنس کے معلم کی مدد سے آپ کے گھر لا سکتے ہیں۔ UA کے ہمارے پارٹنرز کے پاس بہت سے اضافی آن لائن وسائل بھی ہیں جن میں برونکس ژو، نیو یارک ایکویریم اور اسٹیٹن آئلینڈ ژو میں لائیو اینیمل کیمز شامل ہیں۔ UA کی ویب سائٹ https:// www.urbanadvantagenyc.org/ua-remote-learning/، YouTube اور سوشل میڈیا پر چیک کر کے فاصلاتی آموزش میں مدد کے لیے لائیو ایونٹس، ورچوئل ملاقاتیں اور دیگر ڈیجیٹل ٹولز تلاش کریں۔ اس کے علاوہ، UA کے Student+3 واؤچر بذات خود ملاقاتوں کے لیے دستیاب ہوں گے! اپنے بچے کے UA کے سائنس کے استاد یا اپنے پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے مزید معلومات حاصل کریں اور بذات خود ملاقاتوں کے لیے اپنے واؤچر حاصل کرنے کا طریقہ پتہ کریں۔ مقامی، ریاستی اور وفاقی ایجنسیوں کے لیے تحقیق اور رہنما خطوط کا استعمال کر کے، UA کے ہمارے سائنسی اداروں نے حفاظتی طریق کار تخلیق کیے ہیں اور گنجائشوں میں ترمیم کی ہے تاکہ فیملیز Student+3 واؤچر استعمال کر کے ہمارے مقامات کا بحفاظت مزہ لے سکیں۔ آپ ہر مقام کے لیے موجودہ ساعتیں، نیز ریزرویشن کی معلومات، اس گائیڈ کے صفحہ 7-4 پر دیکھ سکتے ہیں۔



### ہم کن مقامات پر جا سکتے ہیں؟ وہ کہاں ہیں؟

کل پانچوں بروز میں واقع Urban Advantage کے آٹھ پارٹنر ادارے امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری، برونکس ژو، بروکلین بوٹینیکل گارڈن، نیو یارک ایکویریم، نیو یارک بوٹینیکل گارڈن، نیو یارک ہال آف سائنس، کوئنز بوٹینیکل گارڈن اور اسٹیٹن آئلینڈ ژو میں ہیں۔ اس کتابچے میں، آپ کو اوقات، رابطہ اور داخلہ کی تفصیلات اور ہر ادارے کے لیے اضافی اہم تفصیلات مل سکتی ہیں۔

## UA کے ہمارے پارٹنر کس قسم کی چیزیں پیش کرتے ہیں؟

نیو یارک کے عالمی درجہ کے ثقافتی ادارے گھومنے، لطف اٹھانے اور سائنس کا کام کرنے کے لیے بہترین جگہیں ہیں! مثلاً:

- ایک عظیم الشان، 3-D اسپائڈر ویب پر چڑھ کر یا نیو یارک ہال آف سائنس میں آؤٹ ڈور سائنس پلے گراؤنڈ میں سلائیڈز کے نیچے دوڑ لگا کر علم طبعیات کی کھوج کریں۔
- نیو یارک بوٹینیکل گارڈن کے کنزر ویٹری میں دنیا کا ایک "ایکو ٹور" کریں، یا اس کے 250 ایکڑ کے حصے پر قدیم اصل جنگل کو دریافت کریں۔
- اسٹیٹن آئلینڈ زو میں، ریپٹائل ونگ میں رینگنے والے اور خشکی و تری کے جانوروں کی قلمرو کی کھوج کریں یا بندروں، چمگادڑوں اور چڑیوں کا مشاہدہ کرنے کے لیے پورے ٹراپیکل فاریسٹ کی سیر کریں۔ احاطے کی کھوج کریں اور خود سے جانوروں کو چارہ کھلائیں!
- کوئنز بوٹینیکل گارڈن میں واقع نیا "سرسبز" وزیٹر اینڈ ایڈمنسٹریشن سنٹر اسی سائز کی روایتی عمارتوں کی بہ نسبت کس طرح 40% کم توانائی اور 80% کم پانی کا استعمال کرتا ہے؟ اس کے جواب اور اس کے علاوہ بہت کچھ کے لیے QBG تشریف لائیں۔
- اگر آپ کے بچے کو چٹانیں اور سیارے پسند ہیں یا وہ دیکھنا چاہتا ہے کہ ہمارے بیرونی خلا میں کیا کچھ ہے تو امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری چیک کریں۔
- بونسائی چھوٹے سے پیڑوں سے لے کر مینار نما میپل تک، بروکلین بوٹینیکل گارڈن کے خصوصی ذخائر کا مزہ لیں، یا اسٹین ہارٹ کنزرویٹری میں متنوع مسکنوں کو دیکھیں۔
- امریکہ میں سب سے بڑے شہری چڑیا گھر میں تشریف لائیں اور برونکس زو میں دنیا بھر کے 600 سے زائد اقسام کے قریب پہنچیں۔ جداگانہ جانوروں، پرندوں، رینگنے والے جانوروں، کیڑوں وغیرہ سے ملیں۔
- اپنی فیملی کو بحری سائنس میں غرق کریں اور نیو یارک ایکویریم میں رنگا رنگ مچھلیوں، جھومنے والے پینگوئن، بھاری بھرکم دریائی گھوڑے وغیرہ کا سامنا کریں۔ نئے سمندری عجائبات کو بھی چیک کرنے کو یقینی بنائیں: شارک! نمائش۔

اور یہ تو محض شروعات ہے۔ آپ جہاں بھی جائیں، آپ کی فیملی کو یقینی طور پر تہوار، پروگرام اور خصوصی ایونٹس اور دیکھنے اور کرنے لائق ڈھیر ساری پرکشش چیزیں مل جائیں گی۔

UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں **'Plan Your Trip' (اپنی ٹرپ کا منصوبہ بنائیں) والے سیکشن پر کلک** کر کے خصوصی پروگراموں اور ایونٹس کے بارے میں معلومات حاصل کریں!

## ہم کتنی جگہوں پر جا سکتے ہیں؟

**دو (2) Student+3 مفت داخلہ واؤچر UA کے طلبہ کو ڈیجیٹل طور پر دستیاب کرائے جائیں گے** تاکہ شرکت کنندہ عجائب گھروں، چڑیا گھروں، بوٹینیکل گارڈنز اور ماہی خانہ میں سے کسی میں بھی رسائی حاصل ہو۔ ہر واؤچر طالب علم کو اور **تین تک مہمانان** کو داخلہ دیتا ہے۔ مہمانوں میں سے ایک کا بالغ ہونا لازمی ہے۔ آپ کے بچے کے سائنس کے استاد یا پیرنٹ کوآرڈینیٹر ان واؤچرز تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کریں گے اور ایک دورے کا انتظام کرنے میں آپ کا تعاون کر سکتے ہیں۔

## اسکول کمیونٹی ٹرپ کیا ہے؟

Urban Advantage کے اسکول ویک اینڈ پر یا اسکول کی چھٹیوں میں ان اداروں میں سے ایک میں اسکول کمیونٹی ٹرپ کا اہتمام کر سکتے ہیں۔ مفت نقل و حمل اور مفت داخلہ فراہم کیا جاتا ہے۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ بذات خود اسکول کمیونٹی ٹرپ تعلیمی سال 2020-2021 کے دوران دستیاب نہیں ہوگی **اور ایک آن لائن فارمیٹ میں منتقل ہو جائے گی۔** براہ کرم اپنے بچے کے سائنس کے استاد یا پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے مزید معلومات طلب کریں۔

## کیا یہ ادارے میرے بچے کی سائنسی تفتیش میں ان کی مدد کر سکتے ہیں؟

جی ہاں! طلبہ UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org کو ملاحظہ کر کے Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کر سکتے ہیں۔

## میں اپنے بچے کے لیے سائنس کی تعلیم کا تعاون کیسے کر سکتا ہوں؟

### گھر پر:

- اپنے بچے کو مشاہدہ کرنے، سوالات پوچھنے اور ان کی سائنس کی سمجھ بوجھ بڑھانے کے لیے تجربہ کرنے کی ترغیب دیں۔
- گھر پر اور کمیونٹی میں بیرون میں کھیل اور پارک کی ٹرپ، عجائب گھروں، چڑیا گھروں اور ماہی خانوں، باغیچوں، نیچر سنٹرز اور آپ کی کمیونٹی میں موجود سائنس سے بھرپور مقامات کی ٹرپس کے ذریعہ سائنس کی آموزش کے بکثرت مواقع فراہم کریں۔
- اپنے بچے کی دلچسپی، تجسس، یا ان کی سائنسی تفتیشات کے لیے ڈیٹا یا معلومات اکٹھا کرنے کی ضرورت کی بنیاد پر UA کے اداروں کے دوروں کا منصوبہ بنائیں۔
- مطالعہ اور سائنس کی تحقیق کے لیے اپنے بچے کو لائبریری میں لے جائیں۔ کتابیں، اخبارات اور رسائل، جیسے *National Wildlife* *(نیشنل وائلڈ لائف)* یا *Natural History* *(نیچرل ہسٹری)*، معلومات کے اچھے مآخذ ہیں۔

### اپنے بچے کی تعلیم میں پارٹنر بنیں:

- اپنے بچے اور ان کے استاد سے باقاعدگی سے مواصلت کریں۔
- ورچوئل میٹنگوں اور سرگرمیوں میں اپنے بچے کے ساتھ شامل ہوں۔ آن لائن اسکول کے ٹاؤن ہال اور فیملی سائنس کی شاموں میں حاضر ہوں۔
- اپنے بچے کے سائنس کے استاد اور پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے فاصلاتی مشغولیت اور تقویت کے مواقع کے بارے میں معلوم کریں۔

### Urban Advantage کس طرح مدد کر سکتا ہے؟

- UA کے کسی ادارے کے مفت دوروں کے لیے Student +3 واؤچرز کا استعمال کریں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں تو اپنے بچے کے سائنس کے استاد سے بات کریں۔
- ہمارے پارٹنر عجائب گھروں، چڑیا گھروں، ماہی خانوں یا باغیچوں کے ذریعہ پیش کردہ ورچوئل UA ٹرپ کے بارے میں اپنے بچے کے سائنس کے استاد اور پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے پوچھیں۔
- UA کی ویب سائٹ **www.urbanadvantagenyc.org** ملاحظہ کر کے سائنسی تفتیشات کے بارے میں مزید جانیں اور Urban Advantage کے آٹھ پارٹنر اداروں میں خصوصی ایونٹس اور نمائشوں کے بارے میں پتہ کریں۔

انفرادی سائنسی تفتیش میں مدد **بذریعہ ای میل** دستیاب ہے: UA کی ویب سائٹ **www.urbanadvantagenyc.org** ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔

## Urban Advantage کے ہمارے دوروں کا منصوبہ بنانے کے طریقے کے بارے میں معلومات میں کہاں تلاش کروں؟

### امریکن میوزیم آف نیچرل ہسٹری
### (American Museum of Natural History)

**amnh.org**

**فون:** 212-769-5100

**اوقات:** بدھ تا اتوار 10:00 بجے صبح تا 5:30 بجے شام، یوم تشکر اور کرسمس ڈے کو بند رہتا ہے۔ داخلہ کی معلومات کے لیے https://www.amnh.org/plan-your-visit دیکھیں۔

**واؤچر کی معلومات:** واؤچرز عمومی داخلہ نیز ایک خصوصی نمائش کے لیے موزوں ہیں۔ تمام دستیاب نمائشیں دیکھنے کے لیے AMNH کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ ریزرو شدہ ٹکٹ مطلوب ہے۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔



## بروکلین بوٹینیکل گارڈن (Brooklyn Botanic Garden)

**bb.org**

**فون:** 718-623-7200

**اوقات:** مارچ–اکتوبر، منگل–اتوار، 10 بجے صبح تا 6 بجے شام؛ نومبر-فروری، منگل-اتوار، 10 بجے صبح تا 4:30 بجے شام

**واؤچر کی معلومات:** واؤچر UA کے طالب علم 3 + دوسرے افراد کو داخلہ دیتے ہیں؛ 12 سال سے کم عمر کے بچے بلا معاوضہ ہیں۔ تمام ملاقاتیوں کو مؤقت داخلہ ٹکٹیں ریزرو کرانا ضروری ہے: https://www.bbg.org/visit

پلانٹ کے مجموعوں، موسمی جھلکیوں اور خصوصی پروگراموں اور نمائشوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم www.bbg.org چیک کریں۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔



## برونکس ژو (Bronx Zoo)

**bronxzoo.com**

**فون:** 718-220-5100

**اوقات:** روزانہ 10:00-5:00 کھلتا ہے۔
https://tickets.wcs.org/affiliate?vid=5&vs=1 ملاحظہ کریں اور اپنا UA واؤچر استعمال کر کے برونکس ژو کی اپنی مؤقت ٹکٹیں محفوظ کرائیں۔ ٹکٹیں ریزرو کرانے کے لیے آپ کو اپنا واؤچر نمبر اور اسکول کا نام درکار ہوگا (اپنے طالب علم کے سائنس کے استاد یا پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے مدد طلب کریں)۔ چڑیا گھر یوم تشکر، کرسمس ڈے، یوم سال نو اور مارٹن لوتھر کنگ جونیئر ڈے کو بند رہتا ہے۔

**واؤچر کی معلومات:** واؤچر UA کے ایک طالب علم اور 3 تک دیگر افراد کے لیے، نیز درج ذیل با معاوضہ نمائشوں میں سے ایک میں داخلہ کے لیے موزوں ہیں: Jungle World (پورے سال)، Wild Asia Monorail (مارچ-اکتوبر)، Butterfly Garden (اپریل-اکتوبر)، یا Congo Gorilla Forest (اپریل-دسمبر)۔ پارکنگ شامل نہیں ہے۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔



## نیو یارک بوٹینیکل گارڈن
## (New York Botanical Garden)

**nybg.org**

**فون:** 718-817-8700

**اوقات:** گارڈن 10 بجے صبح تا 6 بجے شام، منگل تا اتوار اور پیر کی وفاقی تعطیلات کو کھلا رہتا ہے۔

**واؤچر کی معلومات:** آپ داخلے/ٹکٹنگ بوتھ پر اپنا واؤچر ریڈیم کرا کر باغیچے میں جا سکتے ہیں۔ ریزرویشن کی ضرورت نہیں ہے۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔



جولی لارسن میہر ©WCS



## نیو یارک ایکویریم (New York Aquarium)

**nyaquarium.com**

**فون:** (3474) 718-265-FISH

**اوقات:** روزانہ 10:00 بجے صبح کھلتا ہے۔ بند ہونے کا وقت موسم کے لحاظ سے مختلف ہے۔

**واؤچر کی معلومات:** https://tickets.wcs.org/affiliate?vid=5&vs=1 ملاحظہ کریں اور اپنا UA واؤچر استعمال کر کے NY ایکویریم کی اپنی مؤقت ٹکٹیں محفوظ کرائیں۔ ٹکٹیں محفوظ کرانے کے لیے آپ کو اپنا واؤچر نمبر اور اسکول کا نام درکار ہوگا (اپنے طالب علم کے سائنس کے استاد یا پیرنٹ کوآرڈینیٹر سے مدد طلب کریں)۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔

## کوئنز بوٹینیکل گارڈن (Queens Botanical Garden)

queensbotanical.org

**فون:** 718-886-3800

**اوقات:** تازہ ترین معلومات کے لیے https://queensbotanical.org/hours_admission/ ملاحظہ کریں۔

**واؤچر کی معلومات:** 1 اپریل تا 1 اکتوبر داخلہ کے لیے واؤچر مطلوب ہیں اور مین اسٹریٹ یا پارکنگ گارڈن انٹرنس پر پیش کیے جائیں۔ باغیچے میں داخلہ 1 نومبر تا 30 مارچ مفت ہے لیکن واؤچرز مخصوص ایونٹس کے لیے موزوں ہیں۔ براہ کرم ہمارا ایونٹس کیلنڈر https://queensbotanical.org/calendar/ پر ملاحظہ کریں

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔





## اسٹیٹن آئلینڈ ژو (Staten Island Zoo)

statenislandzoo.org

**فون:** 718-442-3100

**اوقات:** روزانہ 10:00 بجے صبح تا 4:45 بجے شام۔ فی الحال صرف باہر کی جگہیں کھلی ہیں۔

**واؤچر کی معلومات:** تمام نمائشوں میں داخلہ کے لیے موزوں ہے۔ اپنا UA واؤچر استعمال کرنے کے لیے، براہ کرم http://www.statenislandzoo.org/tickets/ ملاحظہ کریں۔ "Urban Advantage Admissions Tickets" (Urban Advantage کی داخلہ ٹکٹیں) کے بٹن پر کلک کریں۔ اپنی آمد کے دوران آپ اپنے ساتھ جتنے مہمانوں کو لا سکتے ہیں ان کی تعداد "Urban Advantage Tickets Covered By Voucher (Max 4)" (واؤچر کے ذریعے محیط Urban Advantage کی ٹکٹیں (زیادہ سے زیادہ 4)) کے عنوان والے ڈراپ ڈاؤن اختیار کے تحت منتخب کریں۔ واؤچر کے ذریعے محیط 4 سے اوپر، اضافی مہمانوں سے معیاری داخلہ کی شرحیں وصول کی جائیں گی۔ آپ سے چیک آؤٹ سے قبل اپنی واؤچر ID، استاد کا نام اور اسکول کا نام فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ آپ کو پہنچنے پر داخلہ دروازے پر اپنا UA کا "Student + 3" واؤچر (یا تو کاغذ پر یا ڈیجیٹل کاپی کی مدد سے) پیش کرنا ضروری ہے۔ مفت پارکنگ دستیاب ہے۔ چڑیا گھر کے معلم اور آپ کی پسند کے جانور کے ساتھ UA کے "Student + 3" واؤچرز کو لائیو، متعامل 15 منٹ کے "Virtual Animal Drop-In" (ورچوئل اینیمل ڈراپ ان) کے لیے بھی استعمال کیا جائے گا۔ ریزرویشنز کم از کم 5 پیشگی مطلوب ہیں اور www.statenislandzoo.org/virtual-zoo/ پر کرائے جا سکتے ہیں۔
اگر Virtual Animal Drop-In کے لیے اپنا UA استعمال کر رہے ہیں تو چیک آؤٹ پر ڈسکاؤنٹ کوڈ "UAS+3" (کیس کے تئیں حساس) استعمال کرکے اپنا ریڈیمپشن ڈسکاؤنٹ لاگو کریں۔ آپ کو اپنا واؤچر ID نمبر فراہم کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔



## نیو یارک ہال آف سائنس (New York Hall of Science)

nysci.com

**فون:** 718-699-0005

**اوقات:** تازہ ترین معلومات کے لیے https://nysci.org/visit#opening-hours ملاحظہ کریں
جمعہ اور اتوار | 10 بجے صبح تا 5 بجے شام (آخری داخلہ 4 بجے شام کو)
سنیچر | 10 بجے صبح تا 6 بجے شام (آخری داخلہ 5 بجے شام کو)

**واؤچر کی معلومات:** عمومی داخلہ کے لیے موزوں۔ پارکنگ شامل نہیں ہے۔ یہ واؤچر استعمال کرنے کے لیے، nysci.org/tickets ملاحظہ کر کے داخلہ کی اپنی تاریخ اور وقت ریزرو کرائیں۔ آپ کو اپنی ٹکٹیں آن لائن ریزرو کراتے وقت اپنا واؤچر ID نمبر فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کے آن لائن ریزرویشن کرا لینے کے بعد، آپ کو ایک علیحدہ ای میل میں اپنی ٹکٹیں موصول ہوں گی، جو آپ اپنی ریزرو کردہ تاریخ اور وقت کو داخلہ کے ایریا میں اپنی موبائل ڈیوائس پر پیش کریں گے۔

**Student Help (طالب علم کی مدد):** UA کی ویب سائٹ www.urbanadvantagenyc.org ملاحظہ کریں اور Student Help (طالب علم کی مدد) والے ای میل فارم کے لنک کے لیے "Do Science" (سائنس کریں) کی سرخی پر کلک کریں۔

# Urban Advantage کے پارٹنرز

AMERICAN MUSEUM OF NATURAL HISTORY

Bronx Zoo

Brooklyn Botanic Garden

New York Aquarium

NYBG

nysci

Queens Botanical Garden

Staten Island Zoo

NYC Department of Education

NYC Office of the Mayor

The Council of the City of New York

Urban Advantage پروگرام کے لیے عوامی تعاون سٹی آف نیو یارک کے اسپیکر اور کونسل اور نیو یارک سٹی کے محکمۂ تعلیم کی ذریعے فراہم کرایا جاتا ہے۔